| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 1 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: ناظرہ قرآن مجید |

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- قرآنی قاعدہ کے ذریعے عربی حروف اور ان کی اصوات کی پہچان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر عربی حروف خوش خط لکھیں طلبہ کو بتائیں کہ ا، ب، ت،۔۔۔ کو حروفِ تہجی کہتے ہیں۔ اردو زبان میں حروفِ تہجی کی تعداد 36 ہے جبکہ عربی زبان میں ان کی تعداد 29 ہے اور ان کو حروف مفردات کہا جاتا ہے۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 3 سے عربی حروف درست تلفّظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ عربی حروف کو پڑھنے کا انداز اردو زبان کے حروف سے مختلف ہوتا ہے۔ اس لیے ہر حرف کے ساتھ اس کا تلفّظ بھی دیا گیا ہے۔
- استاد صاحب پہلے خود حروف کی تختی کو صحیح تلفّظ سے ادا کریں اور طلبہ کو ہدایت دیں کہ ہر حرف کے تلفّظ کو غور سے سنیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ عربی زبان میں اردو کے یہ سات حروف نہیں ہوتے: پ، ٹ، چ، ڈ، ژ، گ، ڑ۔
- تمام حروف کے فلیش کارڈز ایک ایک کر کے طلبہ کو دکھاتے جائیں اور ان کی صحیح تلفّظ کے ساتھ پہچان کروائیں۔
- طلبہ کو عربی حروف کے مخارج کے بارے میں بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ حرف کے نکلنے کی جگہ کو مخرج کہتے ہیں۔

- طلبہ کو بتائیں کہ حلق، زبان، منہ کا خلا، ہونٹ، ناک کا بانسہ میں سترہ ایسی جگہیں ہیں جہاں سے عربی زبان کے حروفِ تہجی ادا ہوتے ہیں۔
- طلبہ کو مخارج کے مختصر اور بنیادی تصور سے آگاہ کریں۔

ہونٹ: طلبہ کو بتائیں ہونٹوں میں کل دو مخارج ہیں اور ان سے چار حروف ادا ہوتے ہیں۔

ب ف م و

زبان: طلبہ کو بتائیں کہ زبان سے اٹھارہ حروف ادا ہوتے ہیں اس کے کل دس مخارج ہیں۔

زبان کی نوک اور ابتدائی حصے سے درج ذیل حروف ادا کیے جاتے ہیں۔

ت ث د ذ ط ظ

ر ز س ص ل و

جبکہ زبان کے کناروں اور جڑ سے یہ چھ حروف ادا کیے جاتے ہیں۔

ج ش ی ض ك ق

حلق: طلبہ کو حلق کے مخارج سے عملاً آگاہ کریں کہ اس سے چھ حروف ادا ہوتے ہیں۔

ابتدائے حلق سے: غ خ

حلق کے درمیان سے: ع ح

حلق کے آخر سے: ء ہ

- طلبہ کو ان تمام حروف کی درست مخارج کے ساتھ مشق کروائیں۔ ہر حرف کی دو سے تین بار ادائی کروائیں تاکہ طلبہ صحیح تلفّظ ادا کر سکیں۔
- اسی طرح طلبہ کو حروف کے نقطے بھی یاد کروائیں اور ان کی مشق کروائیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

طلبہ کو تمام حروف کی پانچ بار پڑھائی کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے درست مخارج کے ساتھ حروف کی ادائی کروائیں۔ اچھا سبق سنانے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں شائستہ طریقے سے ان کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو طلبہ گھر میں دہرائیں۔ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

درج ذیل حروف کو درست مخارج اور تلفّظ سے ادا کریں۔

ب ف م

س ك ح

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام:________ | مضمون: اسلامیات | سبق: ناظرہ قرآن مجید |
|---|---|---|

سوال1: دیے گئے خانوں میں عربی حروف لکھیں۔

نقطوں والے حروف

________________________________

________________________________

بغیر نقطوں والے حروف

________________________________

________________________________

| پہلی سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| --- | --- | --- | --- |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 1 دُوسرا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: ناظرہ قرآن مجید |
| --- | --- |

## حاصلاتِ تعلّم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ:**

- حرکات زبر، زیر اور پیش کے بارے میں جان سکیں۔
- زبر، زیر، پیش کی آوازوں کی ادائی کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر حرکات (زبر، زیر، پیش) کی علامات لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں ان کی تعداد تین ہے اور آج ہم ان حرکات کی ادائی کے بارے میں جانیں گے۔

## طریقہ تدریس: 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 4 سے حرکات کی پہچان کا پیراگراف درست تلفّظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- تختہ تحریر پر پہلے زبر کی علامت بنائیں اور طلبہ کو بتائیں کہ یہ زبر کی علامت ہے اور زبر والے مختلف حروف کے فلیش کارڈز دکھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ زبر کی علامت ہمیشہ حرف کے اوپر آتی ہے۔
- طلبہ کو زبر کی آواز کے بارے میں بتائیں کہ اِس کی آواز 'ا' سے کچھ کم ہوتی ہے۔ اور اوپر کی جانب اُٹھتی ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ زبر کی علامت کو پڑھتے ہوئے زیادہ لمبا نہیں کیا جاتا اور نہ ہی جھٹکا دیا جاتا ہے بلکہ نرمی سے پڑھا جاتا ہے۔
- طلبہ کو زبر والے حروف کی ادائی کروائیں۔

اَ   بَ   جَ   دَ

- اس کے بعد طلبہ کو زیر کی علامت والے حروف کے فلیش کارڈز دکھائیں۔
- تختہ تحریر پر زیر کی علامت بنائیں اور طلبہ کو بتائیں کہ زیر کی علامت حرف کے نیچے آتی ہے۔
- طلبہ کو زیر کی آواز کے بارے میں بتائیں کہ اس علامت کی آواز 'ی' کی آواز سے کچھ کم ہوتی ہے اور یہ علامت حرف کی آواز کو قدرے باریک کرتی ہے۔
- طلبہ کو زیر والے حروف کی ادائی کروائیں۔

بِ مِ طِ صِ

- طلبہ کو پیش کی علامت والے حروف کے فلیش کارڈز دکھائیں۔
- تختہ تحریر پر پیش کی علامت بنائیں اور طلبہ کو بتائیں کہ پیش کی علامت حرف کے اوپر آتی ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ پیش کو ادا کرتے وقت ہونٹوں کو گول کیا جاتا ہے اور اس کی آواز 'و' سے کچھ کم ہوتی ہے۔
- طلبہ کو پیش والے حروف کی ادائی کروائیں۔

بُ مُ طُ قُ

- طلبہ کو ان تمام حرکات کی حروف کے ساتھ مشق کروائیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

طلبہ کو زبر، زیر، پیش والے حروف کی تین سے پانچ بار پڑھائی کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے زبر، زیر، پیش والے حروف درست تلفّظ اور مخارج سے سنیں۔ اور اچھا سبق سنانے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو طلبہ گھر میں دہرائیں اور ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کی تعداد کے مطابق گروپس بنائیں اور ان سے درج ذیل سوالات پوچھیں۔

ا۔ حرکات کسے کہتے ہیں؟

۲۔ کس حرکت کی آواز واؤ کی آواز سے کچھ کم ہوتی ہے؟

۳۔ زیر کی علامت حرف کی کس جگہ پر لگائی جاتی ہے؟

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| نام:__________ | مضمون:اسلامیات | سبق:ناظرہ قرآن مجید |

سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

(ـُـ)　　الف　　حرکات　　نیچے

| | |
|---|---|
| ا۔ | زبر، زیر اور پیش کو __________ کہتے ہیں۔ |
| ۲۔ | زیر کی علامت ہمیشہ حرف کے __________ آتی ہے۔ |
| ۳۔ | پیش کی علامت __________ ہے۔ |
| ۴۔ | زبر کی آواز __________ کی آواز سے کچھ کم ہوتی ہے۔ |

سوال نمبر2: پڑھیں اور زبر والے حروف میں سبز، زیر والے حروف میں سرخ اور پیش والے حروف میں پیلا رنگ بھریں۔

اَ　　تِ　　ذَ　　جَ

سُ　　حِ　　ثِ　　خُ

يُ　　ةَ　　شِ　　ضَ

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | جماعت:اوّل | مضمون:اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی:3 |
| اُستاد کا نام:______ | ہفتہ:1 تیسرا دن | تاریخ:______ | وقت:40منٹ |
| باب اوّل: قرآن مجید وحدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | | سبق کا نام:ناظرہ قرآن مجید | |

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- حرکات کی اشکال کھڑا زبر، کھڑی زیر اور اُلٹا پیش کی پہچان کر سکیں۔
- ان حرکات کی آوازوں کی ادائی کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر حرکات کی مزید اشکال کھڑا زبر، کھڑی زیر اور اُلٹا پیش لکھیں اور طلبہ کو بتائیں کہ یہ کھڑی حرکات ہیں۔

## طریقہ تدریس: 20منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 4 سے کھڑا زبر، کھڑی زیر اور الٹا پیش کی پہچان کے پیرا گراف کو درست تلفّظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ کھڑا زبر کی علامت ہمیشہ حرف کے اوپر آتی ہے۔
- طلبہ کو کھڑا زبر کی آواز کے بارے میں بتائیں کہ اس علامت کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھا جاتا ہے۔

جٰ يٰ قٰ نٰ

- طلبہ کو ان حروف کی ادائی کروائیں۔
- اس کے بعد طلبہ کو کھڑی زیر کی علامت والے حروف کے فلیش کارڈز دکھائیں۔
- تختہ تحریر پر کھڑی زیر کی علامت بنائیں اور طلبہ کو بتائیں کہ کھڑی زیر کی علامت حرف کے نیچے آتی ہے۔

- اور کھڑی زیر کو ''ی'' کے برابر لمبا کر کے پڑھا جاتا ہے۔
- کھڑی زیر والے حروف کی ادائی کروائیں۔

فٖ طٖ ہٖ مٖ ذٖ

- تختہ تحریر پر اُلٹا پیش کی علامت بنائیں اور ان سے پوچھیں کہ کیا وہ اس علامت سے واقف ہیں؟ پھر اس کی سیدھی شکل بنائیں یقیناً وہ اس کے بارے میں بتائیں گے۔ طلبہ کو بتائیں کہ یہ علامت اُلٹا پیش کہلاتی ہے۔ یہ بھی حرف کے اوپر آتی ہے۔ اور اس کو واؤ کے برابر لمبا کر کے پڑھا جاتا ہے۔
- طلبہ کو اُلٹا پیش والے حروف کے فلیش کارڈز دکھائیں۔

نٗ فٗ عٗ خٗ یٗ

- طلبہ کو کھڑی حرکات کی بار بار اور مسلسل مشق کروائیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے حروف کی تین سے پانچ بار مشق کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

قرآنی قاعدے سے کھڑی حرکات والے حروف طلبہ سے سنیں اور حروف کی حرکات کی درست ادائی اور مخارج کو جانچا جائے کہ طلبہ صحیح تلفّظ ادا کر رہے ہیں۔ غلطی کی صورت میں طلبہ کی اصلاح کی جائے۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق طلبہ گھر میں کسی بڑے کو سنائیں اور ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ درج ذیل حروف کو کھڑی حرکات کی مدد سے ادا کریں۔

جٰ قٖ نٗ

طٰ ثٖ سٗ

ذٰ خٗ

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| **نام:** ____________ | **مضمون:** اسلامیات | **سبق:** ناظرہ قرآن مجید |

**سوال 1:** درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

ا۔ کھڑی زیر کو لمبا کر کے پڑھا جاتا ہے:

(الف) 'ی' کے برابر (ب) 'ا' کے برابر (ج) 'و' کے برابر

۲۔ اُلٹا پیش کی آواز ہے:

(الف) 'واؤ' کی آواز سے کچھ کم (ب) 'ی' کی آواز سے کچھ کم (ج) 'واؤ' کے برابر

۳۔ کھڑا زبر کی آواز کو لمبا کر کے پڑھا جاتا ہے:

(الف) 'و' کے برابر (ب) 'ی' کے برابر (ج) 'الف' کے برابر